تسلیم الدین احمد باٹلے

جناب تسلیم الدین احمد باٹلے 4 لیکسن گروپ کمپنیوں کے کارپوریٹ بورڈز کے ڈائریکٹر ہیں جو پاکستان اسٹاک ایکسچینج میں لسٹڈ ہیں اور مختلف طرح کے کاروباروں یعنی سوپ، ڈیٹرجنٹس، پیپر اینڈ بورڈز، پرنٹنگ اینڈ پیکیجنگ، انشورنس وغیرہ کا احاطہ کرتی ہیں اور گروپ کی اَن لسٹڈ پبلک کمپنی کے بھی ڈائریکٹر ہیں۔ جناب باٹلے کنزیومر مارکیٹنگ، کاروباری اور قانونی امور، صنعت سے متعلق انتظامی معاملات، حکومتی اور باہمی صنعتی تعلقات کا وسیع پیشہ ورانہ تجربہ رکھتے ہیں۔

جناب باٹلے 1986 میں لیکسن گروپ کا حصہ بنے اور لسٹڈ گروپ کمپنیز کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کے فعال رکن ہیں۔ آپ گروپ کی تین لسٹڈ کمپنیز کی آڈٹ کمیٹیز کے رکن ہیں۔ آپ فیڈریشن آف پاکستان چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کی مختلف کمیٹیز، کراچی چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری اور مختلف سرکاری کمیٹیز کے بھی رکن رہ چکے ہیں۔ جناب باٹلے اس وقت امریکن بزنس کونسل کی ایگزیکٹیو کمیٹی کے ایک رکن ہیں۔ آپ امریکن بزنس کونسل کے صدر، سگریٹ مینوفیکچررز ایسوسی ایشن آف پاکستان، مارکیٹنگ ایسوسی ایشن آف پاکستان کے چیئرمین اور رکن کی حیثیت سے خدمات انجام دے چکے ہیں۔